منصب آپ کے ذمہ ہیں۔

اس سلسلہ میں آپ کے عمل کو اپنے آبائے طاہرین علیہم السلام کی زندگی کے ساتھ جو مماثلت ہے اُس پر ہم نے اپنے رسالہ "وجود حجت" (شائع کردہ امامیہ مشن لکھنؤ) میں کافی تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ جس کا ہر شخص مطالعہ کر سکتا ہے۔

والسلام۔

علی نقی النقوی

۶ رجب ۱۳۷۶ھ (لکھنؤ)

---

پبلشر:- سید ابن حسین نقوی

# کربلا کی تعلیمات

---

۱ — اس دنیا کی زندگی کو چند روزہ اور حیات آخرت کو جاودانی سمجھو۔

۲ — انسانیت کے اعلیٰ اقدار کی حفاظت اپنی زندگی کا مقصد قرار دے لو۔

۳ — خلق خدا کے مفاد کو اپنے ذاتی مفاد سے بلند تر قرار دو۔

۴ — حق و صداقت کی راہ میں ہر قربانی کے لئے تیار رہو۔

— اپنے دامن پر حمایت باطل کا دھبہ نہ آنے دو۔

— باطل کی مادی قوتوں سے کبھی مرعوب نہ ہو۔

— امن و امان کی حفاظت کے لئے آخری منزل تک ہر ممکن سعی کرتے رہو

— جب تک باطل سے تصادم لازمی نہ ہو جائے، خاموشی کے ساتھ اصلاح کی کوشش کرتے رہو۔

— اپنے میں اتنی قوت برداشت پیدا کرو کہ باطل ظلم کرتے کرتے تھک جائے اور تم پہاڑ کی طرح اپنے مسلک پر قائم رہو۔

۱ — صرف خدا کا یقین ہی انسان کو حق کی حمایت میں بڑی سے بڑی قربانی کے لئے تیار کر سکتا ہے۔

۱۱ — اس کا یقین رکھو کہ نتیجتاً کامیابی ان ہی کے لئے ہے جو حق پر قائم رہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

